


- ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ
- آپ کا دستخط کردہ کلیم فارم
- حادثے، تشدد یا اقدامِ خودکشی کے شبے کی صورت میں پولیس اور میڈیکولیگل رپورٹ درکار ہوگی۔

آپ کا کلیم مکمل دستاویزات جمع کروانے کے 5 کاروباری دنوں (وہ دن جن میں بینک کھلے ہوں) میں ادا کر دیا جائے گا۔ کلیم کی رقم بذریعہ JazzCash موبائل اکاؤنٹ یا چیک ادا کی جائے گی۔ ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ مکمل دستاویزات ہسپتال سے اخراج کے 15 دن کے اندر فراہم کر دی جائیں۔

## مجھے سروس منسوخ کرنے کے لئے کیا کرنا ہو؟

آپ اپنی سروس، رجسٹریشن فیس کی ادائیگی کے 14 دنوں کے اندر اپنے موبائل فون سے 4444 پر کال کر کے ختم کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے کلیم نہ داخل کیا ہو تو آپکو فیس کی مکمل رقم واپس کر دی جائے گی۔

## کن صورتوں میں ہسپتال میں داخلے کا کلیم ادا نہیں کیا جائے گا؟

اگر کلیم کسی ایسی بیماری یا حادثے کی وجہ سے کیا جائے جو صحت سہولت فیملی پلان لینے سے پہلے موجود تھی۔

- حمل، زچگی اور ان سے منسلک کسی پیچیدگی کی صورت میں
- منشیات کا استعمال، شراب نوشی اور زہر خوری
- اقدامِ خودکشی یا خود کو دانستہ یا نادانستہ نقصان پہنچانے کی صورت میں
- ایک بار ہسپتال سے ڈسچارج کے بعد اگلے داخلے پر 30 دن کے ویٹنگ پیریڈ کا اطلاق ہوگا۔

## میں سروس سے متعلق سوال یا شکایت کس طرح کر سکتا ہوں؟

آپ 4444 پر کال کر کے سوال یا شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

## ضروری معلومات

موبی لنک مائیکروفنانس بینک اور JazzCash، فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم کے کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ ہیں۔ صارفین کے کلیم کی ادائیگی ان کی ذمہ داری نہیں۔

مائیکروانشور پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ، فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم کے انتظامی امور میں سروس فراہم کر رہا ہے۔ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم کی بیمہ کار کمپنی ہے اور ہسپتال میں داخلے کے کلیم کی ادائیگی کے لئے ذمہ دار ہے۔

EFU لائف اشورنس لمیٹڈ کا پتہ ہے:

EFU لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th ایسٹ سٹریٹ، فیز 1، ڈی ایچ اے، کراچی

efu
LIFE
Zaroori Hai

# فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم پلان

اپنے معزز صارفین اور ان کے خاندان کے لئے JazzCash پہلی مرتبہ فیملی ہیلتھ کیئر پلانز پیش کر رہا ہے۔ ان میں شامل ہو کر JazzCash صارفین نہ صرف اپنے بلکہ اپنے شریکِ حیات اور بچوں کے علاج معالجے پر ہونے والے اخراجات کو کور کر سکتے ہیں۔ اس سہولت میں دو پلان پیش کیے جا رہے ہیں۔

## فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم سے آپ کو کیا فائدے مل سکتے ہیں؟

اگر آپ، آپ کے شریک حیات یا آپ کے بچے ہسپتال میں کسی بیماری یا حادثے کی وجہ سے داخل ہوتے ہیں اور کم از کم ایک دن (24 گھنٹے) گزارتے ہیں تو ہر ایک دن کے عوض آپ کو آپ کے پلان کے مطابق ایک مخصوص رقم ادا کی جائے گی۔ رقم کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

## فیملی تحفظ

### فوائد

- ہسپتال میں داخلے پر 1,000 روپے فی دن کیش ادائیگی (رجسٹرڈ کسٹمر اور ان کے شریک حیات کے لئے)
- ہسپتال میں داخلے پر 500 روپے فی دن کیش ادائیگی (رجسٹرڈ کسٹمر کے زیرِ کفالت بچوں کے لئے)
- آئی سی یو میں داخلے کی صورت میں رقم دگنی ہو جائے گی

## فیملی تحفظ پریمیئم

### فوائد

- ہسپتال میں داخلے پر 5,000 روپے فی دن کیش ادائیگی (رجسٹرڈ کسٹمر اور ان کے شریکِ حیات کے لئے)
- ہسپتال میں داخلے پر 2,500 روپے فی دن کیش ادائیگی (رجسٹرڈ کسٹمر کے زیرِ کفالت بچوں کے لئے)
- آئی سی یو میں داخلے کی صورت میں رقم دگنی ہو جائے گی

## فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم میں کون کورڈ ہے؟

اس سروس سے JazzCash کے تمام کسٹمر اور ان کے شریک حیات جن کی عمریں 18 سے 64 سال کے درمیان ہوں وہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ JazzCash کسٹمر کے زیرِ کفالت بچے جن کی عمریں 1 سے 21 سال کے درمیان ہوں وہ بھی کورڈ ہیں۔

## کوریج کب شروع ہوگی؟

JazzCash کی طرف سے تصدیقی SMS موصول ہوتے ہی JazzCash صحت سہولت کے تحت آپ کی ہیلتھ کوریج کا آغاز ہو جائے گا۔ تاہم صرف بیماری کی صورت میں ہسپتال میں داخلے کے لیے 15 دن کی مدت انتظار کا اطلاق ہوگا۔ حادثات کی صورت میں ہسپتال میں داخلے پر یہ پابندی لاگو نہیں ہوگی۔

## کیا میں کسی بھی ہسپتال جا سکتا ہوں؟

جی ہاں! اس سہولت میں پینل ہسپتال کی قید نہیں ہے۔ آپ علاج کے لئے پاکستان بھر میں کسی بھی رجسٹرڈ ہسپتال سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ رجسٹرڈ ہسپتال کا مطلب ایسا ادارہ ہے:

- جو پاکستانی قوانین کے مطابق علاج کی سہولت فراہم کرنے کا لائسنس رکھتا ہو۔
- جہاں ڈائیگنوسٹک اور لیبارٹری ٹیسٹ، طبی تشخیص، علاج معالجے اور سرجیکل کی بنیادی سہولیات دستیاب ہوں۔
- جہاں ان ہاؤس فزیشن انچارج کے زیرِ نگرانی 24 گھنٹے رجسٹرڈ گریجویٹ نرسز پر مشتمل نرسنگ سروس دستیاب ہو۔
- جہاں با قاعدہ دستاویزی ضابطے اور طریقہ کار کے تحت مریض کو مناسب طبی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔
- جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہر مریض کا میڈیکل ریکارڈ رکھا جاتا ہو اور انشورنس کمپنی کے لئے ریکارڈ تک رسائی آسان ہو۔

- جو پاکستانی قوانین کے مطابق علاج کی سہولت فراہم کرنے کا لائسنس رکھتا ہو۔
- جہاں ڈائیگنوسٹک اور لیبارٹری ٹیسٹ، طبی تشخیص، علاج معالجے اور سرجیکل کی بنیادی سہولیات دستیاب ہوں۔
- جہاں ان ہاؤس فزیشن انچارج کے زیرِ نگرانی 24 گھنٹے رجسٹرڈ گریجویٹ نرسز پر مشتمل نرسنگ سروس دستیاب ہو۔
- جہاں با قاعدہ دستاویزی ضابطے اور طریقہ کار کے تحت مریض کو مناسب طبی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔
- جہاں روزانہ کی بنیاد پر ہر مریض کا میڈیکل ریکارڈ رکھا جاتا ہو اور انشورنس کمپنی کے لئے ریکارڈ تک رسائی آسان ہو۔


## کلینک میں داخلے کی صورت میں مجھے کوئی فائدہ حاصل ہوگا؟

کلینک میں داخلہ ہسپتال میں داخلہ تصور نہیں کیا جائے گا اور آپ ہسپتال میں داخلے کا فائدہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔

## فیملی تحفظ اور فیملی تحفظ پریمیئم کی فیس کیا ہے؟

فیملی تحفظ 1,999 روپے سالانہ، جبکہ فیملی تحفظ پریمیم 4,499 روپے سالانہ میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ایک سال کی کوریج کا آغاز فیس کی ادائیگی کے بعد ہوتا ہے۔

## اس کے فوائد کی حدود کیا ہیں؟

ہسپتال میں ایک داخلے کی کوریج زیادہ سے زیادہ 30 دن تک ہے۔ جب کہ پورے سال ہسپتال میں داخلوں کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں ہے۔ ایک سال میں زیادہ سے زیادہ 60 دن تک ہسپتال میں داخلے کا کلیم حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## میری کوریج ختم کب ہوگی؟

آپ کی کوریج درجہ ذیل کسی بھی صورت میں ختم ہو جائے گی:

- جب آپ یا آپ کے شریکِ حیات 65 سال کے ہو جائیں۔
- جب آپ کے بچوں کی عمر 22 سال ہو جائے۔
- رجسٹریشن فیس کی ادائیگی کے ایک سال بعد

## کیا میں ایک سے زیادہ مرتبہ رجسٹریشن کروا سکتا ہوں؟

ایک فرد کی صرف ایک دفعہ رجسٹریشن کروائی جا سکتی ہے۔

## ہسپتال میں داخلے کے کلیم کا طریقہ کیا ہے؟

اگر آپ کو ہسپتال میں داخلے کا کلیم کرنا ہے تو 051-8466466 پر ہسپتال میں قیام کے دوران اطلاع دیں۔ یہ اطلاع آپ کے ساتھ موجود کوئی رشتہ دار بھی کر سکتا ہے۔ یہ اطلاع نہ دینا کلیم کی ادائیگی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ جب آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہوں تو ہیلپ لائن پر دوبارہ رابطہ کریں۔ ہمارا نمائندہ کلیم درج کرنے میں آپ کی راہنمائی کرے گا۔ ادائیگی کے لئے ضروری ہے کہ یہ اطلاع ہسپتال سے اخراج کے 15 دن کے اندر کر دی جائے۔ کلیم داخل کرتے ہوئے مندرجہ ذیل دستاویزات فراہم کریں:

- ہسپتال کا ریکارڈ جس میں تاریخ داخلہ، تاریخ رخصت اور علاج کی تفصیلات درج ہوں
- آپ کا شناختی کارڈ (بچوں کی شناخت کے لئے نادرا کا برتھ سرٹیفیکیٹ)